منھ کرکے سوئین ہم نہ دیوار کی طرف

ہاں سے مجھے ہو جو سو لکھا کر لو ابھی حساب
فاضل ہی کچھ ہمارا ہی سرکار کی طرف

اب تپش ہوا اپنی فراموش الٰہی اسے
خورشید حشر اپنا اگر دیکھ پائے داغ

نہیں کہاں یہ سوز سینہ اور یہ تپاک
لالہ نہ میرے داغوں سے اپنے ملائے داغ

زاہد کو ہے جو صحبت خدا کی ہوس
توبہ کا اپنے دامن دل سے چھڑائے داغ

دم بھر یہاں بسر نہ ہوئی اپنی عیش سے
دست حنائی چرخ سے داغوں پہ کھائے داغ

سینے کو میرے تختۂ لالہ بنا دیا
اگلی بہار میں تو نیا رنگ لائے داغ

سوزش ... کی ہے سینے میں دل کو
رہتا نہیں دل میں کوئی سوائے داغ

بھڑکا رہا ہے آتش فرقت کو سینے میں
ڈر ہے کہیں نہ آگ کوئی اور لگائے داغ

ہو جلوہ گر خیال رخ آتشیں اگر
مشعل ہمارے خانۂ دل میں دکھائے داغ

ردیف	دل میرا اور بلبل و لالہ کا ہے قلق پیدا ہوا ہے باغ جہاں میں برائے داغ	ف

یہ مانگتا ہوں دعا ہاتھ اٹھا کے سوئے نجف
مرا غبار الٰہی ہو خاک کوئے نجف

چلا ہوں لیکے میں دنیا سے آرزوئے نجف
رہیگی مجکو جناں میں بھی جستجوئے نجف

نگیں دل میں تصور ہے زلف حیدر کا
ہمارا در نجف ہو گیا ہے موئے نجف

۹۱

شعلے کے اضطراب سے روشن تھا بزم پر — تیغ فروغ حسن سے بسمل ہوا چراغ

کرتا ہے پیش شمع رخ یار گرمیاں — پروانوں کو جلانیکے قابل ہوا چراغ

لالہ اگا چمن میں تو مجکو یقین ہوا — روشن سر مزار عنادل ہوا چراغ

آہوں سے داغ دلکو ہوتا تھا کچھ فروغ — روشن ہوئے ہیں گھر کا بہ مشکل ہوا چراغ

انگشت شعلہ پھر شہادت بلند کی — شب اُسکے نور حسن کا قائل ہوا چراغ

فانوس تاک سے پڑے کیسے تجکو دیکھکر — دیوانہ ایسا اے مہ کامل ہوا چراغ

اُس مہوش کے پرتو نو عذار سے — چندے میں دوکش مہ کامل ہوا چراغ

سمجھا میں نور خال ذقن اسکا دیکھکر — روشن کوئی سر چہ بابل ہوا چراغ

بھڑکا یہ شعلہ حسن سراپاے یار کا — ہر رونگٹا فتیلہ ہر اک تل ہوا چراغ

لالہ شرر فشاں وہ کیا انسکے جیسے لوگ — روشن میاں کوچہ قاتل ہوا چراغ

بھلسایا تھوڑا ہجر کی شب میں لحد لائے — یاں بھی جلانیکے لیے نازل ہوا چراغ

اُس شمع رو کا گرم نظارہ ہوا جو میں — جلکر حسد سے بیچ میں حائل ہوا چراغ

توسے کو آفتاب سے سمجھے لئے حسرے — اُسکے مقابلے کے بھی قابل ہوا چراغ

جو دیکھے تجکو تو ایسا ہو شمع مسار چراغ — چھپے قبر میں تینگو نکے بار بار چراغ

کرا پنے داغ محبت سے دل ہمارا روشن — خدا کے گھر میں جلاتے ہیں ای نگار چراغ

حضور زلف صنم سوز داغ دل ہے کیا — جلے نہ سامنے کالے کے زینہار چراغ

وہ دل بجھا ہوں کہ روشن کبھی نہو ای گل — جلائیں گر سر تربت ہزار بار چراغ

سموم آہ نے گل کر دیا اسے بھی ہائے — شب فراق میں تھا اک جو غمگسار چراغ

ہے یہ داغ شب عشق زلف میں یوں شاق — ہو جیسے گرمیکی رتو میں ناگوار چراغ

تمہاری زلف کا سودا ہوا ہے گل ایسا اسے — حریر شعلہ کو کر ڈالے تار تار چراغ

یقین ہے آئے جو چاندنی اسے بھی میری طرح — جو بے نقاب تجھے دیکھے ای نگار چراغ

بہار بھی مری نظروں میں ہے خزان شب ہجر — جھڑے جو پھول ہیں سمجھا ہے شکبار چراغ

فروغ شمع خوبی نہ کیونکر اسکا ہو — دیار حسن دل افروز کا ہے یار چراغ

نشان دولت الفت ہے داغ سر پر — جلاتے ہیں سر پا ماہے مالدار چراغ

شب فراق بھروں میں جو آہ گرم کوئی — ہوا میں اڑتے پھریں صورت شرار چراغ

وہ نور حسن ہے تیرا کہ مثل پروانہ — فدا ہو شمع ترے چہرے پہ نثار چراغ

یوں راہی عدم ہوئی با صد علو زلنگ
محسوس آج تک نہ ہوئے نقش پائے شمع

جلنے سے سوز عشق میں پروانے کے حصول
اس سے تو کاش اتنی اودھر کو دکھائے شمع

اس شعلہ رو کی دیکھے جو عاشق نوازیاں
پروانوں کو نہ اپنے کبھی یوں جلائے شمع

میں جل رہا ہوں اس رخ روشن کی یاد میں
مجھ دل جلے کے سامنے کیونکر نہ آئے شمع

جل جل کے ایک رات میں طے کی عدم کی راہ
سیکھی فراق یار میں یہ فن نا رہائے شمع

اک شاخ گل کے بزم میں پھرتا ہوں آہ گرم
باد سموم چلتی ہے گل طرح بجھائے شمع

اس درجہ ہے ہیبت جو آئے تو خوف سے
ظلمت کدے سے میرے وہیں بھاگ جائے شمع

شعلہ کی طرح عاشق آتش زبان ہوں میں
ایسے جو منہ چڑھے تو بہت منہ کی کھائے شمع

پروانوں سے یہ کرتی ہے ہر بار گرمیاں
محفل میں یار کے نہ کوئی گل کھلائے شمع

ایسا فروغ آتش حسن صنم کا ہے
چاہے ہے تو اپنے شعلہ رخ سے جلائے شمع

کرتی وہ سوز غم سے قلق کیا برابری
عاشق کی طرح سے دل روشن تو لائے شمع

ہاتھ سے اپنے اگر روشن کرے وہ حور شمع
روشنی پیدا کرے مثل چراغ طور شمع

حرمت بڑی ہی اُس کی کہ ہجو اسقدر
نکلی نہ خم سے بزم جوانان مست مین
پھر مجھسے اسطرح کی نہ کیجئے گا دل لگی
بیخود شراب شوق نے شب کو یہ کردیا
قربان اس حجاب کے اس شرم کے نثار

اتنا تو ہے دختِ رز کا تکلّف و عظمت
پیر مغان کا بنت عنب نے کیا لحاظ
نبض اس گھڑی تو آپ کا مین کر گیا لحاظ
اُن کو رہا حجاب نہ مجھکو رہا لحاظ
آتا نہ عاشقون سے کرا کے سر اٹھا لحاظ

ردیف	محجوب ہے مزاج شوق اپنا اس قدر کرتے ہین اپنے خرد کا بھی ہم بڑا لحاظ	عین مہملہ

دل کو نہین ہی اور اب اے سیمبر طمع
دولت بڑھتی جاتی ہی ویسے کے ساتھ حرص
ہو گا بغیر ذلت و خواری نہ کچھ حصول
چھاتی کے نیچے رکھتی ہے گنجینہ لے زر
مستغنی المزاج ہون ایسا کہ اہل زر
شوق جواب نامہ مین حاضر ہی نقد لیک

ہی تیرے نقد وصل کی اے دلربا طمع
اللہ آدمی کو بھی ہے اس قدر طمع
تقدیر سے سوا جو کرے گا بشر طمع
او آسمان زمین کو بھی ہی کس قدر طمع
رکھتے ہین مجھ فقیر کی مانند زر طمع
لے لے اگر تجھے ہو کچھ اے نامہ بر طمع

لب و دندان تیرے یاد آتے ہین صاف	جو کرتے ہین ہم شیر و شکر ربط
ضرر پہونچے مقرر اک نہ اک دن	کرے ناجنس سے انسان اگر ربط
دماغ اتنا کہان ہے سے جو احسان	نہ صندل سے کریگا دردِ سر ربط
بہت موزون ہے تیری بیت ابرو	ہم رکھتے ہین یہ مصراع تر ربط
جلاوے گی جگر کو آہِ سوزان	کرے گا مینے سے کیونکر شرر ربط

ردیف	**قلق** کا اُن سے تھا جو رنگِ صحبت گل و بلبل مین کب ہے اس قدر ربط	طائے معجمہ

ہم تو آکر نہوے یان کبھی دمبھر محظوظ	لوگ اس غمکدے مین ہوتے ہین کیونکر محظوظ
جیسے زندان سے رہا ہوکے ہوے یوسف شاد	روح یون قید بدن سے ہوئی چھٹکر محظوظ
صبح عیش اپنی شب غم ہین دکھلائیگی	رنج کے بعد ہوا کرتے ہین اکثر محظوظ
شادی قتل سے ہی دلمین ہر اک شادی مرگ	تیرے جانباز ہین کیتنے تہ خنجر محظوظ
آتش عشق سے میرے دل سوزان کو ہے چین	آگ مین رہنے سے ہوتا ہے سمندر محظوظ
دل مرا نفس کشی کرکے ہوا یون بشاش	قتل دارا سے ہوا جیسے سکندر محظوظ

۸۷ بحر عشق

اس قدر عاشق شید اسے ہوا ہے روپوش — خواب مین بھی نہین آتا ہے خیالِ عارض

ہو مقابل جو تری گرمی بازار ہو سرد — ہے یہ خورشید درخشان سے سوالِ عارض

بوسے لینے مین جو کاٹا تو نشانِ دانتون کا — بن گیا حسن نزاکت سے ہلالِ عارض

سبزۂ کرخیہ ہے پروانہ شعاعِ خورشید — ماہ کی آنکھ کا تارا ہے وہ خالِ عارض

چشمِ یار آئینۂ رخ مین ہے کب عکس فگن — کہتے ہین اہلِ نظر اس کو غزالِ عارض

تیرت تارِ شعاعی ہے ترا سبزۂ خط — رو کشِ شمعِ تجلی ہے جمالِ عارض

جوہر آئینہ سے دیجیے اسے کیا تشبیہ — سبزۂ خط ہے ترا گرد ملالِ عارض

فلکِ حسن و لطافت پہ زحل تابان ہے — یا سویدا سے دلِ حور ہے خالِ عارض

مثل آئینہ ہے وہ چاند سا چہرہ شفاف — پرتو ابروے پُرخم سے ہلالِ عارض

مہر و مہ پر نہین موقوف کچھ لٹتے جو نقاب — شمعِ طور آج ہے مشتاقِ جمالِ عارض

خانۂ دل مین لگا دیتے ہین ہم آئینہ — فکر تزئین مین جو کرتے ہین خیالِ عارض

جان ہے جان ہے خط سبز پہ قربان کرے — نقدِ دل عاشقِ رخ کا تو ہے مالِ عارض

خط کی آمد مین تو باقی نہ رہی وہ رونق — اے قلق دیکھیے کیسا ہو مآلِ عارض

کیا جانیں کون روگ ہے عشق بتاں سے	سایہ ہے کوئی یا کہ چھپتا ہے یا مرض
عیسی کے پاس بھی کوئی ایسی دوا نہیں	کہتے ہیں جسکو عشق وہ ہے موت کا مرض
وعدہ وصال کا نہ کوئی سچ کیا کبھی	تمکو بھی جھوٹ بولنے کا ہو گیا مرض
آئینہ رو جہاں کوئی دیکھا تپ سل ہوا	آگے ہمارے دل کو تو ایسا نہ تھا مرض
بقراط کیا مسیح بھی دیکھیں تو دیں جواب	تیرے مریض عشق کا ہے لا دوا مرض
دانتوں پہ شگفتہ بھی ہوئے اب لب	کھا رو گیا ایک تو یہ ہوا دوسرا مرض
آرام درد عشق سے دل کو کہاں ہے	صحت سے بھی عزیز مجھے ہے سوا مرض
واقف ہیں ہم نتیجۂ آزار عشق سے	ہے گور کے جھنکار تو یہ جا چکا مرض
الفت کے عارضی کی دوا ہے جس کے پاس	جاتے ہوئے کبھی نہیں ایسا سنا مرض
کیا کیا ترس ترس کے نکلتی ہے جان زار	اس عشق کا ہے سب سے نرالا سوا مرض

دل کو ہمارے الفت عارض سے ہے عارضی
کیا اسے قلق رہا ہے کسی کا سدا مرض

اے قمر خط سے رہیگا نہ جمال عارض	مثل خورشید ہے اک روز زوال عارض

کہدی مُرے کوئی جیبے پروا اُٹھے نہین
ہم مبتلا ءِ رنج ہین کرتا ہی یار عیش

ساقی کا لطف دیکھکے کہتے ہین سب جلکے غیر
کرتا ہی آجکل **قلق** بادہ خوار عیش

ردیف صاد مہملہ

لیتا ہی میرا اُس ستم ایجاد سے قصاص
بلبل کا کون لیتا ہی صیاد سے قصاص

شیرین کو چاہیے تھا تیشے سے پوچھتی
کس جرم کا لیا سرِ فرہاد سے قصاص

کرتا ہی یہ جو قد سے تمھارے برابری
لیتا ہی ارہ اسلیے شمشاد سے قصاص

برہون ملال دیتا ہی دم بھر کی عیش کا
لیتا ہی آسمان دلِ ناشاد سے قصاص

لب پر دہانِ زخمِ جگر کے یہ شور ہی
کوئی نہ لے مرا مرے جلاد سے قصاص

فصلِ بہار آتے ہی پہنائین بیڑیان
لیتا ہی یہ جنون مجھے حداد سے قصاص

اے گل ہی سے چمن اکھڑوا کے پھینکدے
لے فاختہ کے خون کا شمشاد سے قصاص

انصاف کو نہ ہاتھ سے دے باغبان اگر
لے خون عندلیب کا صیاد سے قصاص

بدلے جفا کے کرتا ہون مہر و وفا **قلق**
کیا لون مین اپنے بانیِ بیداد سے قصاص

یون تو بہت ہین لاکھون ہین بازار حسن مین — ہر اپنے جنس کے لیے خریدار کی تلاش
اس بت کے واسطے ہین اے شیخ برہمن — ہے کس کی جستجو ہے نہ زنار کی تلاش

فرقت مین ڈھونڈھتے ہین اے گم شدہ قلق
پہلو مین اپنے کرتے ہین غمخوار کی تلاش

مثل فلک ہے منزلت شان میفروش — ہے آفتاب شمسہ ایوان میفروش
جمشید اسے کہین تو ہے شایان میفروش — جام جہان نما ہے دکان میفروش
ظاہر اگر ہو رتبہ عرفان میفروش — واعظ ہون منبر پہ ثناخوان میفروش
رنگین گلابیون سے ہے دکان میفروش — پھولا پھلا ہے یہ گلستان میفروش
جان خمار ہجر سے لب پہ ہے اب بلا — ہمت عذاب تجھے قسم جان میفروش
واعظ ہو ہمین جو حسب کیفیت ایک ایک — کیا پوچھتا ہے حال مریدان میفروش
ہین دور چشم مست پڑھین لوگ خط جام — ہر مدرسے مین چاہیے دکان میفروش
کیا لا سکے آگے عقل فلاطون خم نشین — دیکھا تھا ایک طفل دبستان میفروش
صحبت نصیب ہو تو وہ کیفیتین اٹھائین — قاضی و محتسب ہین ثناخوان میفروش

سوتی ہو بزم کا فروغ دیندار بے ترسے
زاہد حرم میں دیر میں جینا برہمن اداس

خوش ہون بیگناہ سے ہوتا نہیں کوئی
ہے مجھکو قتل کرکے مرا تیغ زن اداس

شاید مرے نصیب میں وصل صنم نہیں
ہے وجہ کب ہوا ہے ترا برہمن اداس

سوتی ہے سیج پھولوں کی بے ہم بستر عیش
گر اترا ہے بے تیرے یہ گلبدن اداس

صیاد بعد اپنے وہ رونق نہ پھر رہی
سنسان ہے جو کنج قفس تو چمن اداس

کیا کوئی دل لگا کے کہے شعر اے قلق
ناقدری سخن سے ہیں اہل سخن اداس

لیگئے یوں مجھے مقتل میں بیداد کے پاس
جیسے لیجائیں گنہگار کو جلاد کے پاس

حسرت قتل کا مجھے نہ تقاضا اٹھا
خود ہی سر بھیجدیا کاٹ کے جلاد کے پاس

داد الفت کی سیر کا یہ تھا شوق مجھے
گھر کرلے کو لیا خانۂ صیاد کے پاس

وقت اظہار غم وصدمہ دوری قاصد
رحم دل کوئی نہ تھا حسن ستم ایجاد کے پاس

قصد لوٹا یہ شمیم لے کے بخوبی کھوئے
مژدہ بار سا نشتر جو ہو فصاد کے پاس

کیسی تصویر کبھی ہاتھ سے اٹھا نہ قلم
جاکے بیٹھ آئے کبھی گر وہ بہزاد کے پاس

کیا اڑا لائی صبا تیرے بدن کی بو باس — کہ لباس گل میں ہے دولھن کی بو باس

بوسے لیتے ہیں ہم بادہ کشی کے بدلے — مست کرتی ہے ساقی کے دہن کی بو باس

بے پئے مست ہوئے جاتے ہیں ہم بادہ پرست — ساقیا دختر رز میں ہے دولھن کی بو باس

صحبت گیسوئے مشکین کا تری ہے یہ اثر — نافۂ خال میں ہے مشک ختن کی بو باس

پھول کی سیج میں خوشبو یہ کہاں تھی توبہ — بس گئی اے گل تر تیرے بدن کی بو باس

منھ پہ منھ رکھکے ترے مر گئے یوسف کی طرح — جان دی سونگھتے ہی سیب ذقن کی بو باس

اے نسیم نفس سرد دکھلا دے ان کو — ہر گلی میں ہے مرے غنچہ دہن کی بو باس

گلشن کوچۂ صنم میں تو کبھی لا صیاد — بلبلو کو ہے دنا خوش چمن کی بو باس

ہمکنار ہیں میں اس گل کے جو ہوں شاہ سحر — آئے آغوش ملے سے بھی دولھن کی بو باس

عرق جسم سے کیا نخل چمن سینچے ہیں — رخت گل میں ہے ترے جامۂ تن کی بو باس

کر بحدے نہیں گلزار تجھے فرقت میں — گل نسرین میں ہے کافور کفن کی بو باس

کیس گل تر کا تصور ہے کہ اے بلبل زار — بس گئی بلبل میں عجب سان چمن کی بو باس

ہے قلق لفت گیسو کو چھپاتے ہو عبث — کبھی چھپنے کی نہیں مشک ختن کی بو باس

وہ عاشق جانباز ہون کہ جان پہ کھیلون | پانون پہ گرے یار کی شمشیر سرانداز
پھندے وہ فریبے تری الفت کے دل نکلے تو کیونکر | ہی مفسدہ پرداز ادا فتنہ گر انداز

ہر رنگ کی صحبت مین قلق بیٹھے شب و روز
بدلا نہ طبیعت کا مگر غم سے بھرا انداز

کی ہے اطاعت دل دیوانہ چند روز | سمجھا گیا یگانہ کو بیگانہ چند روز
ہنسے بتو ہمکو ملین جگہ دی تو کیا ہوا | کعبہ بھی تو رہا ہی صنمخانہ چند روز
للہ ابھی دوانہ کرو آتی ہی بہار | ہنسے دو مجکو اور بھی دیوانہ چند روز
پھر داستان لیلی و مجنون کبھی نہ بھائے | سنیے اگر ہمارا ابھی افسانہ چند روز
منھ لگ گئی تھی دختر رز کتنی ساقیا | چھوٹا نہ میرے ہاتھ سے پیمانہ چند روز
ہم بزم ہمکو یار سے ہنسنے نہ دیگا چرخ | مہمان ہی یہ رونق کاشانہ چند روز
بے یار زندگی مری کم موت سے نہ تھی | بدتر رہا لحد سے بھی کاشانہ چند روز
جلسے پری جمال کے ہوتے تھے رات دن | اپنا بھی گھر رہا ہی پریخانہ چند روز
حالہ ہی تا صفائی گل روے یار غیر | ہی کباب شمع ماہ کا پروانہ چند روز

۶۹

گو صاف اُنھین کیا یہ کدورت نہین گئی / میری طرف سے دل مین ہین وہ بدگمان ہنوز

مرکر بھی عشق زلف کا چھوٹا نہ سلسلہ / ہوتے ہین صرفِ شانہ مرے استخوان ہنوز

گلشن مین مجھ اسیر قفس کے ہین یادگار / باقی جو کچھ ہین خار و خس آشیان ہنوز

چکھا ہے جب سے اُس لبِ شیرین کا ذائقہ / ہونٹھون سے چاٹتے ہین ہم اپنی زبان ہنوز

پیوندِ خاک ہوا ہون مین نالہ کش / اک شور ہے زمین سے تا آسمان ہنوز

یہ نیلگون لباس اُترتا نہین کبھی / کس غمزدہ کے سوگ مین ہے آسمان ہنوز

اُسکی گلی مین قبر شہیدانِ ناز کے / باقی برائے نام ہین کچھ کچھ نشان ہنوز

گو بند کرچکا ہون مین سو بار اُنھین مگر / آمادہ بحث پہ ہین مرے ہمزبان ہنوز

تیغ نگاہِ ناز سے قصہ تمام کر / قاتل تڑپ رہے ہین ترے نیمجان ہنوز

باغِ جہان مین ہمسا نہین خانمان خراب / پائی جگہ کہین نہ پئے آشیان ہنوز

ہون مشید ستشاہ جنون مثل پیشکش / مجنون کی روح بھیجتی ہے ارمغان ہنوز

سو بار انقلابِ زمانہ ہوا مگر / نامہربان مرا نہ ہوا مہربان ہنوز

بلبل سے مجھسے نالونکی جب سے ہوئی ہے بحث / گلچین ہے چپ سکوت مین ہے باغبان ہنوز

مہمان چند روزہ ہی فصل بہار باغ
گلچین کرے نہ بلبل گلزار سے بگاڑ

ہے صحبت غیر کی کیا ہر بہی جگہ
بعد فنا تو ہمکو نہ زیر مزار چھیڑ

ہو مل جلا ہون بعد فنا بہی جلونگا مین
پروانو نسے کریگی جو شمع مزار چھیڑ

ابر سیاہ چھایا ہو ساقی شراب دے
بارش نے تار باندھا ہے مطرب ستار چھیڑ

شاید کسی رقیب کا پھر جوڑ پڑ گیا
کرتا ہے بات بات مین پھر وہ نگار چھیڑ

پہلو مین میرے بیٹھ کے ذکر وفائے غیر
مجھسے نئی یہ تونے نکالی ہے یار چھیڑ

ممکن نہین جو عشق گل تر سے باز آئے
گلشن مین عندلیب کو گلچین ہزار چھیڑ

جی خوش ہو آدمی کا تو ہے دل لگی کا لطف
ہم اپنے غم مین ہین نہین اے نگار چھیڑ

دکھلا کے نقش پا اُسے ہو کا گلو نکا دے
بلبل کو چل کے باغ مین اے گلعذار چھیڑ

آزردہ ہو نہ جائے کہین پہلی شب ہے آج
اُس بدمزاج کو نہ **قلق** بار بار چھیڑ

ہو دل اپنی جنس دلکا نہ کچھ اس سے بگاڑ
سودا اپنا ہوا نہ خریدار سے بگاڑ

سیدو ار رہتے تھے قلب کے وقت کے
غیروں کی بن پڑی جو ہوا یار سے بگاڑ

ایسے بھی اپنے ہے صفائی نہ تھی ہی
جیسے ہوا ہے آئینہ رخسار سے بگاڑ

اے جنون مجکو یقین ہو گیا آئی بہار
کچھ تراوت سی گل داغ جگر مین دیکھکر

وصل کی شب طالع خفتہ جاگ اُٹھے مرے
سو گیا وہ ماہ جب صبح گجر مین دیکھکر

غنچۂ گل نازکی پاندھین مشاعر کسطرح
شاخ گل کی سی لچک تیری کمر مین دیکھکر

جی مین تھا دیوار پھاندون نکہت گل کی طرح
بدگمان کیا کیا ہوا قفل اُسکے در مین دیکھکر

تھا جو شوق قتل سمجھا عید قربان کا ہلال
چاند اُس خورشید عالم کی سپر مین دیکھکر

ہمت کیا ہر بے ہنر کو صبر آیا اے قلق
بھیک کا کاسہ کف اہل ہنر مین دیکھ کر

ہٹ گئے جب اُسکے آگے طائر دل چھوڑ کر
آپڑا ناز نگاہ یار کنڈے سے جوڑ کر

سخت جانی نے کیا یہ مرتے دم اچھا سلوک
تیغ قاتل پنجا ہمسے چلی منھ موڑ کر

کہدو آئے اب تصور اُس بت بیباک کا
پردہ آنکھون نے کیا مژگان کی چلمن چھوڑ کر

پیاس ابھی ہے قاتل اور اک قطرہ آب تیغ کا
ناگہا پھر خود دہان زخم تن منھ پھوڑ کر

جسکو اُس صیاد نے تاکا نہ کی ہر گز خطا
ناوک مژگان کو ابرو کی کمانین جوڑ کر

ہو گیا غیرون سے آخر بزم خوبان مین بگاڑ
لیگئے تشریف تمتو ایک شوشا چھوڑ کر

بیڑیاں زلف کی دیوانوں کا پہنا دیجے
بال مرنے کے جو رکھوائے ہیں جانان سر پر

بال بچتے ہیں مرے تار گریبان نہ سمجھ
دشت وحشت کہیں ہوتا ہے گریبان سر پر

تم نے غیروں کو دیے مصحف رخ کے بوسے
جھوٹ بولو گے تو رکھ دونگا میں قرآن سر پر

چاند سورج تو ہیں پہ چاہیے تارے ای ماہ
ٹیکے ماتھے کے چھڑک لیجیے افشان سر پر

سر قدم پہ ہے اُس شاکر کی کے اپنا
نہیں درکار جنون چتر سلیمان سر پر

موت آئے کہیں ای گلبدن آئے نہ میں
چمکا آئی ہو گئے شب ہجران سر پر

پہنچو سکے بل نہ چلو خوب نہیں ہے یہ چلن
ٹیڑھی ٹوپی نہ رکھو ای مہ تابان سر پر

تیرا شیدا ہے جو مجنون لوائے رنگین
داغ جانے گل دستار ہے جانان سر پر

بجلی چمکا دے ابر ای نالۂ وحشت تو بھی
بارش سنگ ہے اور شورش طفلان سر پر

سچ ہے ل قول وقسم پر نہ کسی کے کوئی دے
جتنے جھوٹے ہیں لیے پھرتے ہیں قرآن سر پر

میں ہوں دنیا میں شہ کشور ترک دنیا
عوض چتر ہے ظل شہ مردان سر پر

اب تلک گرم غزل کہنے کی کچھ فکر نہ کی
اور آ پہونچی قلق فصل زمستان سر پر

ناز ہر کھوتے ہین سفاک جو تلوارون پر
کیا چڑھائی ہی محبت نے گنہگارون پر

جوش پھر لالہ و گل کا ہوا کہسارون پر
آنکھ پھر آبلون کی پڑنے لگی خارون پر

ابر مینا ہی گھٹا دور ہی گلگون ہی
کرم پیر خرابات ہی میخوارون پر

آدمی کرتا ہی کیون نہ رہے محبت اتنی
نقش حب سکے کی جا ہوتا ہی دینارون پر

دیکھکر ابر مسی کو ترے سمجھین وہ گھٹا
رقص طاؤس کرین باغ کی دیوارون پر

خرمن ماہ پہ اک روز گریگی بجلی
گر یہی نور رہیگا ترے رخسارون پر

چوک مین جب کبھی یوسف کی سواری نکلی
چڑھ گئے لاکھون بشر کوٹھون پہ دیوارون پر

کہنہ گل جا کے کاندھے پہ تعین مینا ہو سوار
چڑھے پھرتے ہین جو لوگ آج ہوادارون پر

آپکو مد نظر ہو اگر آرائش قصر
میری آنکھون کی سفیدی کھچے دیوارون پر

ابروی یار کا سر تیغ نے کھنچنے سودا کون
کسکا قبضہ ہوا ان برہنہ تلوارون پر

نہ نیاز ایسے وہ اس شوخ بھی ادھر کیے نہین
ناز ہر وقت کیا کرتے تھے جن یارون پر

جلوہ گر ہوتا ہی وہ مہر شب ماہ مین جب
چاندنی دھوپ نظر آتی ہی دیوارون پر

آنکھ لڑتے ہی لگے مینڈھے لڑانے ہی جان
نقد دل کے ہو طلبگار حسین کسدارون پر

شکل لڑاتے وقت وہ ہمکو اڑاتے ہین — ڈر ہی پڑے نہ پیچ رگ جان کی ڈور پر

ای ضعف گوشہ گیر ہین مین ہر اک طرح — آتی نہین بلا کوئی روزن مین مور پر

شکل جو لکھکے ڈھاتے ہین ان پاتے ہین جواب — یان بدلے تار کے خبر آتی ہی ڈور پر

رفتار ناز دیکھ کے اُس رشک ماہ کی — چھائی ہی مثل آئینہ حیرت چکور پر

لب پہ ہی اُس ملیح کے کہتے ہجوم خط — میلا لگا ہی ساحل دریائے شور پر

اُس گل کے وصل کی جو مراد آئے ای قلق
چادر چڑھاؤن پھولون کی بلبل کی گور پر

بعد فنا ہی سوز دل اس زور شور پر — جل جاتی ہی جو آگتی ہی گھانس اپنی گور پر

رکھے گلون نے کان نہ بلبل کے شور پر — دیکھا نہ مہربان قمر کو چکور پر

دی جان اک ملیح کے آغاز عشق مین — ڈوبا جہاز ساحل دریائے شور پر

اک بوسے کا جتاؤ نہ احسان کسطرح — لات آج تمنے ماری ہی حاتم کی گور پر

روشن ہو نام سیّت ظاہر ہی سب عیب — جلتا نہین چراغ بھی حاتم کی گور پر

ای چرخ پیر اپنی نہ قوت دکھا ہمین — کیا اعتبار عہد ضعیفی کے زور پر

جون برسائے پتھر آسمان نے مزرعۂ جان پر — بھائے پر سبقت لیگئی بیداد طفلان پر

لگایا عطر جب ہمنے لب رنگین جانان پر — لو گویا تیل پھر کا آتش لعل بدخشان پر

نہین یہ معجزہ موقوف کچھ موسی عمران پر — پیالے ہین ید بیضا کف پیر دبستان پر

کبھی چلتی نہین باد بہاری اُس گلشن مین — وہ بلبل ہون کہ وارفتہ ہون گلہائے حرمان پر

بیاض کیے جانان بلبل شیراز گر دیکھے — صفت اس بوستان کی لکھے اوراق گلستان پر

کیا قتل اُسنے مجکو مین نے کی قاتل کی آرائش — جمایا خون کا لاکھا لب شمشیر بران پر

پس مردن اثر ہوگے کہان تک شوق کہتا ہے — کمند آہ سے پہونچا ہوا بام قصر جانان پر

تصور بندھ گیا وحشت مین کسکے روے روشن کا — کہ عالم وادی ایمن کا ہے اپنے بیابان پر

ہمیشہ سبز رہتا ہے گلستان جود و بخشش کا — کبھی باد خزان چلتے نہ دیکھی باغ احسان پر

ہوے طالب سے باہر کسقدر شوق شہادت ہے — پڑی ہے جسدم نظر قاتل تری شمشیر عریان پر

یہ کس مہر سپہر حسن نے رکھے قدم اپنے — گمان مہر ہے ہر ذرۂ خاک شہیدان پر

تمہارا مسکرانا جانتا ہون جان کھوئیگا — گرگئی ایکدن برق تبسم خرمن جان پر

زہے بس آجکل سلطان اقلیم شہادت مین — ہے اپنے نام کا سکہ زر گنج شہیدان پر

دوڑون تا سگ حبیب کی اے ضعف کیا کرون
باقی نہین ہی پوست تلک استخوان پر

فرقت کا غم ملامت ناصح ملال غیر
سو طرح کے عذاب ہین اس ایک جان پر

دنیا مین اور خانۂ امید کون ہی
جاؤن یہ در مین چھوڑکے کس آستان پر

پائے ثبات کو مرے اللہ دے قرار
مین سر بکف ہون طمع صنم امتحان پر

نقش قدم حضور کا جسپر ہی جلوہ گر
اس سرزمین کا اب ہی دماغ آسمان پر

دیتی ہی صبح شام شفق آج شاہدی
ثابت ہی بیگناہونکا خون آسمان پر

بازار حسن مین جو وفا کی تلاش کی
دیکھی نہ ایسی جنس کسی کی دکان پر

آجائے دم کبھی جو تو نے گرائی مسند وصل
لاؤن کبھی نہ حرف تمنا زبان پر

دانتون پہ اسکے دیتا ہی جان اپنی مرغ دل
گرتا ہی مثل سگ یہ ہما استخوان پر

حسن بیان دلیل شرافت جہان مین ہی
موقوف ہی بشر کی لیاقت بیان پر

لذت جفا نے یار سے پائی ہی اسقدر
آتی ہی شکر بنکے شکایت زبان پر

دلکو کمال داغ محبت عزیز ہی
شفقت ہی میزبان کی بس میہمان پر

قدرت خدا کی دیکھیے انسان اور غرور
اک مشت خاک کا ہو دماغ آسمان پر

ردیف	دردِ دل کو قلق آرام ہوا دیکھتے ہی نامہ لایا نہین قاصد کوئی لایا تعویذ	رای مہملہ

الائے خدا ہی اُس بُتِ ظالم کو راہ پر — چھائی ہوئی ہی بے اثری درد کی آہ پر

جائیگی جان سُرمۂ چشمِ سیاہ پر — رکھتی ہی باڑھ یار نے تیغِ نگاہ پر

ہی زاہدونکو مژدۂ عبادت کی چشمِ داشت — میری نظر ہی اُسکے کرم کی نگاہ پر

کچھ اسکا اعتبار نہین بیوفا ہی یہ — نازان نہو جیو زنِ دُنیا کی چاہ پر

ہنگام دید سامنے اُس شاہ کے — یوسف کبھی چڑھے نہ کسی کی نگاہ پر

پھر پیروی پہ اُسکی قدم مارنے لگے — طاؤس کبک آئے ہین کچھ کچھ تو راہ پر

خواہان نعمد ہوش مین وقتِ عرضحال — جُرمانہ اُلٹے ہوتا ہی یہان دادخواہ پر

کب دھوپ مین ہی خیمۂ رنگین کی خیمہ آڑ — سُورج کبھی لگی ہی دلی ہی رشک ماہ پر

جیسا اُنگلی مین ایک ہی تو دو ہی چشم پر — صدقے ہی مرغِ دل ترے تیرِ نگاہ پر

دیکھا جو پھر کے یار نے آنکھین جھپک گئین — بجلی کا شُبہ ہوا مجھے اُسکی نگاہ پر

اس تیر کو خطا کبھی کرتے سُنا نہین — عاشق اثر ہی وِردِ رسیدہ کی آہ پر

سخت جانی مری بل اسکا نکالیگی ضرور
عشق گل یہ ہی تجھے ناز بہار آنے دے
خط نکلنے پہ یہ اہتی ہی صفا دیکھتے ہیں
بیٹھو یا نہیں کیا مری یہہ چاہیے ہی اسکو گریز
ای بتو کبر و تکبر ہی خدا کو زیبا
زر و ہر زر تجھے نہیں پھر ہوگا وہ پیر الکھو تو
کان کھلکر کبھی واعظ کی نہیں سنتے ہیں

مجھسے کیا کرتی ہی قاتل تری تلوار گھمنڈ
دیکھہ لینگے ترا ای بلبل گلزار گھمنڈ
اور وہ دن ہی یہہ آئینہ رخسار گھمنڈ
مجھسے کرتا ہی ترا سایہ دیوار گھمنڈ
کب ہی تم غالب کے نہ نکو سزاوار گھمنڈ
تجکو کس بات پہ ہوا ہی دل نادار گھمنڈ
تیری رحمت پہ یہہ کرتے ہیں گنہگار گھمنڈ

ردیف	ای فلک اپنی اطاعت پہ ہمیں بھی ہی غرور حسن پہ اپنے جو کرتے ہیں طرحدار گھمنڈ	ذال معجمہ

شہد و شکر نہیں کبھی اس سے سوا لذیذ
داغ ابتدای عشق کا کیونکر نہو عزیز
پوچھے زبان زخم جگر سے مزہ کوئی
چوسی زبان یار جو میں نے شب وصال

معجون بوسہ لب شیرین ہی کیا لذیذ
ہوتا بہت ہی پہلے پہل پھل نیا لذیذ
قاتل ہی کیا ہی پھل تری تلوار کا لذیذ
شیرین سے لب تو نہ پایا سوا لذیذ

محیط عالم فانی مین فائدہ منعم
سر غرور رہا گر حباب وار بلند

شب فراق یہ ڈر تھا جلے نہ خرمن ماہ
ہوے جو نالہ سوزان کے کچھ شرار بلند

سر غرور ہوے سرکشون کے پست قلق
جو رزم مین ہوئی حیدر کی ذوالفقار بلند

اسیر کرکے تو لازم نہین جفا صیاد
قفس چمن سے نہ کرنا مرا جدا صیاد

پھنسے نہین کسی نا آشنا کے پھندے مین
ہزار شکر کہ ہے صورت آشنا صیاد

رسا ہے مین نصیب اسکے باغ عالم مین
ہوا جو صید ترے دام زلف کا صیاد

دیا ہے دام نے زلفون کے مرغ دلکو مرے
فریب دانۂ خال عذار کا صیاد

نہین ہے رنج اسیری تو کچھ مجھے لیکن
یہ خوف ہے کہ ہے کمسن بہت مرا صیاد

نہ دلسے کرتا مین قطع امید آزادی
اسیر کرکے اگر پر نہ کاٹتا صیاد

دکھایا پھر چمن نے جو اسکو ہم نے منہ
خود اپنے دام محبت مین پھنس گیا صیاد

ہنر دکھایا شکار افگنی کا اپنی خوب
کہ ہم کو زندہ گرفتار کر لیا صیاد

کسی کا موسم گل مین نہ آشیانہ اجاڑ
خدا سے ڈر نہین گھر بار کیا ترا صیاد

۶۷

[illegible]

ہو آشیانے انھین شعلے آتش گل کے	مرا نہال تمنا ہو بارور صیاد

قلق نصیب ہو گیا سیر باغ بے کھٹکے
عدوے جان ہر ادھر باغبان ادھر صیاد

دیکھکر رخسار تاباں جو شرماتا ہی چاند
جستجو مین تیری چکر اسقدر کھاتا ہی چاند
تیرے تلوے سے جو کمتر آپکو پاتا ہی چاند
دیکھکر تیری سپر کے چاند کا قاتل فروغ
نام کیا انکھین کسی پر اپنی اپنی ہی پسند
جب اٹھتا ہے وہ برق حسن چہرے سے نقاب
دیکھکر شبکو خرام ناز اس خورشید کا
جستجو سے شرط کیا ہم لکھنو ہی مصر سے
روشنی بدر عارض دیکھکر اس ماہ کی
ہجر کی شب یاد عارض لکو تڑپاتی ہی جب

اے مہ برج شرف بدلی مین چھپ جاتا ہی چاند
آسمان پر شعلۂ جوالہ بنجاتا ہی چاند
دو ہی ہفتے مین قمر غمسے گھٹ جاتا ہی چاند
کر کہ شب تاب گھٹکر غمسے بنجاتا ہی چاند
ہمکو وہ رخسار تاباں کب کو بھاتا ہی چاند
تاب نظارہ کہاں ہی جیب ندھیا جاتا ہی چاند
چاندنی کے پردے مین آپہی نچھا جاتا ہی چاند
آک نہ اک مثل مہ کنعان نظر آتا ہی چاند
کبک کے مانند از خود وجد مین آتا ہی چاند
تیری تصویر اپنے آئینے مین دکھلاتا ہی چاند

[illegible]

تمھارے کوچے مین جاکر یہ اب مچلتے ہین حجاب وصل کو توڑا ہی چاہے کرٹا اگر کے	کبھی ہوے نہین ایسے مرے قدم گستاخ بہت تو نمین ہوے ایسے آج ہم گستاخ

ردیف	لحاظ ہی مین شب وصل ہو گئی آخر نہو نے پائے **قلق** اس سے کوئی دم گستاخ	دال مهمله

ہوئی بلند جو اپنی شررفشان فریاد	کرے گا صوت اسپند آسمان فریاد
وہ دل جلا ہون اگر پہونچے تا زبان فریاد	جلائے نوک زبان میری شمع سان فریاد
وہ عندلیب ہون آئے جو تا زبان فریاد	فغان کرے ابھی صیاد و باغبان فریاد
اگر یہی رہے بعد فنا بھی جور بتان	کرینگے صوت ناقوس استخوان فریاد
نہ نیند آتی ہے مجکو نہ موت آتی ہے	خیال لطف مین ہے کیا جلائے جان فریاد
تمھارے اس دل بیرحم کو دکھا دیگی	ابھی سنی نہین عاشق کی مہربان فریاد
تری گلی مین جو عاشق کمان افسر ہے	زیادہ رو نہ کا نالہ ہے پاسبان فریاد
چمن کی سیر مبارک ہو ہمصفیرو تمکو	یہان قفس مین ہے ورد زبان فغان فریاد
جلائیو نہ اسے اے فروغ آتش گل	کرینگے مرغ چمن بہر آشیان فریاد

ضعیف ہو کے سمجھتا نہیں تعجب ہے
کرون شباب مین تجھ کیا لغت بیان ناصح

کرم کیا ہے غم عشق نے مرے دلمین
مین کسطرح نکرون پاس میہمان ناصح

ہم آپ بند کیا کرتے ہین ہزار دہنکو
ہمارے سامنے کھولیگا کیا زبان ناصح

سبو نکا کلمہ پڑھے تو ابھی ہماریطرح
کمال عشق اگر تجہ پہ ہو عیان ناصح

مین وہ ہون عاشق دیوانہ گر مجھے کی بند
بر رنگ جیب اڑا دونگا دھجیان ناصح

کہین ہماریطرح یہ بھی پھنس گیا شاید
کچھ آجکل ہے بہت ہمپہ مہربان ناصح

قلق نہ حرف نصیحت زبان پہ لائے وہ پھر
جو سن لے میری محبت کی داستان ناصح

ردیف خاے معجمہ

ان شعلہ رخونکا ہے ہر اک عضو بدن شوخ
آنکھین تو ہی آفت کی ہین ہے غنچہ دہن شوخ

دیکھو نکر نہ یہ بجلی کیطرح ہون ہمہ تن شوخ
کچھ ڈھکے نہین ایسے غزالان ختن شوخ

شیشے سے عیان دختر رز کی ہے شرارت
گھونگھٹ ہی مین ہوجاتی ہے معلوم دلہن شوخ

دو فقرو مین دیتے ہین ال لاکھو مکے سچین
ان شوخ بیانونکا ہے انداز سخن شوخ

دو پٹے کا تو بہت ہاتھ نہین لگتی ہے لیکن
پیرہن جوانونکی طرح سے ہے یہ زن شوخ

جنون ہوا جب مجھے تیرے صبح عارض کا
ہمیشہ چاک گریبان ہا سحر کی طرح

صفائے دل سے تجھے حاصل ہے اسدم اے غافل
سنان غمسے چھدے جب جگر گہر کیطرح

ہماری فکر حسین اس سے کرتے ہین کہ ہمین
کمال عشق یہ ہے نازدی ہنر کی طرح

وہ آفتاب بدن ہے جو جوہری دیکھے
تیرے پسینونکے قطر و نکو لے گہر کیطرح

بہانہ کر کے نہ آیا اندھیری راتون کا
وہ ماہ پردۂ شب مین چھپا سحر کیطرح

کلیجا سنگ کا بھی آب ہو کے بہ جلئے
اگر اُٹھالے وہ صدمے مرے جگر کی طرح

خیال رنگ طلائی کو یار جانی کے
جگہ دی دل مین قلق مین نے زر کی طرح

چہرہ ترا ہے ای مہ خوبی جواب صبح
مہتاب شب ہے گال جبین آفتاب صبح

پیش نظر جو وصل مین تھا انقلاب صبح
پوچھو نہ حال شب کا نہ کچھ اضطراب صبح

تار شعاع مہر ہے فرقت مین تار اشک
گریان ہے مرے حال پہ چشم پر آب صبح

منزل ہماری غفلت پیری نے کھوئی کی
وقت سحر گران ہے مسافر یہ خواب صبح

آنچل دوپٹے کا رخ پُر نور پر نہین
تار شعاع مہر سے ہین نقاب صبح

٦٢

۹۲

حیرت کا ہی مقام طلسم زمانہ دیکھ
فکر مآل کار تو کچھ زیست بھر نہ کی
کشتے کی تیرے خاک ہی تو وہ شوق سے
وعدہ کیا تھا ہم سے کسی بات کا کبھی
شاید کسی رقیب نے پھر بھر دیے ہین کان
نے اس گلی کے پیچھے لگے گی نہ قبر سے
پہلا اسیر زلف جو ہی اُسکی قدر کر
دی جان جسپہ فاتحہ کو بھی نہ آیا وہ
دلکو عبث مقابلہ عشق کی ہو فکر
دل ہاتھ سے گیا
ہو گی کبھی نہ دام سے صیاد کے نجات
کر عرض حال کھیل گئے جان ہی پہ جب
دل لیتے وقت سمجھے نہ انجام عشق کی

غفلت مین زیست ہین کہتے ہین چار سوچ
زاد سفر کا اب ہی دم احتضار سوچ
کرتا ہی اتنا کسلیے ای شہسوار سوچ
پچھتاؤ گے ہین اپنے سبب غفلت شعار سوچ
خالی نہین ہی آپکا یہ بار بار سوچ
مدفن کی جا مری نہ کہین اور یار سوچ
اول بہا ہی مشک بہا ہی ہین یار سوچ
بعد فنا ہی یہ ہین نہ یہ خزار سوچ
کرتے نہین ہین
اپنے بچاؤ کے خود تو کچھ ای ستمگار سوچ
ای عندلیب وقت گل مین ہزار سوچ
کس بات کا ہی پھر تجھے
بیجا ہی اب یہ ای قلق دل فگار سوچ

وہ خفتہ بخت ہیں کہ نہ جاگے کبھی نصیب	دیکھا نہ خواب عیش کبھی ہمنے سوائے رنج

فرقت میں ایک قاتل بیرحم کی قلق
جو رنگ دل کو کرتی ہے تیغ جفائے رنج

بیمار عشق اور تو سب کر چکا علاج	باقی فقط ہے اک ملک الموت کا علاج
جز وصل یار اور ہے بیفائدہ علاج	درد غم فراق طبیبو ہے لا علاج
آئے تھے کرنے کو ترے دیوانے کا علاج	اپنا ہر اک طبیب کو کرنا پڑا علاج
کیا کیجیے معالجہ شرم چشم یار	کرتا ہے کون نرگس بیمار کا علاج
بہر عیادت آئے تو ہمراہ غیر کے	اپنے مریض عشق کا اچھا کیا علاج
کیونکر کہوں امید شفا تو نہیں مجھے	عیسی کرینگے عشق کے آزار کا علاج
اک دن ہماری جان ہی لیکر یہ جائیگا	درد جگر ہمارا طبیبو ہے لا علاج
احباب میرے ہوش کی اپنے دوا کریں	ہوگا طبیب سے دل بیمار کا علاج
خود سر کمال ہے دل دیوانہ ناصحا	ایسے جنون زدہ کا کرے کوئی کیا علاج
جانبر مریض عشق کو ہوتے نہیں سنا	کوئی کریگا کیا مرض الموت کا علاج

بے سبب نہیں ہنر گوشی ارباب فساد
عشق صادق کا مرے فاش ہوا راز کچھ آج

امتحان کا اسے پھر شوق ہوا ہے شاید
مجھ سے کہتے ہیں ور جلا دینہ جانباز کچھ آج

لیے پھرتا ہے کبھی بدلتا ہون ہے شیشے سے عزیز
کیا یہ معشوق اٹھاتے ہیں مرے ناز کچھ آج

بس ہر حرف ہے نمک جو وہ شوخ کم گو
بات بھی کر نہیں سکتے ہیں سخن ساز کچھ آج

دم رفتار قیامت ہوئی برپا ہر گام
حشر سے کم نہیں خلخال کی آواز کچھ آج

رخ دکھلانے نگہ ناز بھری ہے بیوجہ
بیرخی کرتا ہے تیر قدر انداز کچھ آج

ٹالتے ہیں مجھے پھر وہ یہ کہکر دم وصل
کل سے افزون ہے طبیعت کی ناساز کچھ آج

جذب الفت ہے یہ کس تیر فگن کا دلکش
اور ہی ہے سوا طاقت پرواز کچھ آج

میری غیبت میں سخن یار نے چھیڑا کا شاید
دم بخود وہ ہے سنتے بیٹھے ہیں جو غماز کچھ آج

تھوڑی ذلت ہی سہی جائینگے واں لاکھ بولائیں
کل کچھ اعزاز ہوا ہونگے سرافراز کچھ آج

چٹکیاں لیتے ہیں اغیار سنبھل بیٹھو قلق
صحبت یار کا بے طور ہے انداز کچھ آج

پیدا ہوا ہون کیا مین الٰہی برائے رنج
رحمت کے نام سے نہیں واقف سوائے رنج

دیکھیں گر چشم تصور سے کریں کچھ وہ حجاب
پردۂ دلمیں ہا کرتے ہیں مستور عبث

تن بدن سوزش الفت سے پھکا جاتا ہے
اسلیے ڈھونڈھتے ادھر ہم کافور عبث

اے قلق ہو گئے انگشت نمائے عالم
چاہنے والوں ان کے ہوئے مشہور عبث

ردیف جیم

دلکو ہے داغ الفت دلبر کی احتیاج
ہے بادشاہ جسم کو افسر کی احتیاج

ہر دم تلاش گوہر مضموں ہے طبع کو
ہے نو عروس فکر کو زیور کی احتیاج

دم بھر کو یاد کاوش مژگان کرم کرے
اپنے رگ جنوں کو ہے نشتر کی احتیاج

تیرے ہی در پہ خاک نشینوں کو چین ہے
انکو نہیں ہے بالش بستر کی احتیاج

داغ جنوں ہے تاج دریا ہے سر پہ
حاجت نہ تخت کی ہے نہ افسر کی احتیاج

مائل ہو تو تو زیست ہی میں گلہ و بست
انسانکو بعد مرگ بھی ہے گھر کی احتیاج

خواہان بوسۂ لب شیریں ہے زار زار
اس مور ناتوان کو ہے شکر کی احتیاج

اے رشک گل ہزار دل شیدا ہیں غمزدہ
خط بھیجنے کو ہے جو کبوتر کی احتیاج

یاد گلو و دیدۂ میگوں سے مست ہیں
ہمکو نہیں ہے شیشہ و ساغر کی احتیاج

وہ خفتہ بخت ہین سویا جو ساتھ بھی یار
تو مثل طالع برگشتہ پھیر لی کروٹ

کہا جو وصل مین سو رہ لپٹ کے پیٹھ پھیر
تو ضد سے بولا کہ ہم سوئینگے اسی کروٹ

مسافران عدم سطح عدم سو گئے
کہ پھر کسی نے ادھر مڑ کے بھی نہ لی کروٹ

لپٹ کے سینے پہ منہ رکھکے سوئے ضد پھو
تمام رات نہ مجکو بدلنے دی کروٹ

سوال وصل پہ کس ناز سے جفا کے حجاب
مری طرف سے خفا ہو کے پھیر لی کروٹ

لپٹ کے سوتے تھے اس گل کی ساتھ جس پہلو
لحد مین بھی ہمین چین آئیگا اسی کروٹ

ابھی کمان ہی اٹھ ہو وہ بت کمسن
لپٹ کے سوینگی عادت ہی ایک ہی کروٹ

ردیف

یہ آرزو ہے فلق گر نصیب ہو شب وصل
لپٹ کے سوئیے تا صبح ایک ہی کروٹ

ثائے مثلثہ

کر دیا دل سے ہمین مورد الزام عبث
وہ ہوئے نہ ہوئے ہم ہوئے بدنام عبث

خوب دیا ان جفا کار سے الفت کر کے
بے زبانونکو دیا کرتے ہو دشنام عبث

چپکے ہم سنتے ہین جو چاہتے ہو کہتے ہو
بے زبانونکو دیا کرتے ہو دشنام عبث

بندے اللہ کے پامال ہوئے جاتے ہین
ابھی تو فتنہ بپا کرتے ہو ہر گام عبث

۵۸

اُس شعلہ رو کے دلکو جو اک لو لگی رہی	مانند شمع کاٹی ہے رو رو کر تمام رات
فرقت مین مجکو نیند نہ آئی ترے بغیر	لوٹا کیا مین فرش پہ دن بھر تمام رات
یہ انتظار یار مین تھا حال صبح تک	باہر کبھی تھا مین کبھی اندر تمام رات
اللہ ری نازکی کہ نہ مرجھایا ایک پھول	پھولونکا پہنے سوئے جو زیور تمام رات
وہ خفتہ بخت ہون کبھی بات صبح تک	بچیا یا اُس صنم کو جگا کر تمام رات
ہین تمنے گرمیان جو شب وصل کی قمر	کیا کیا جلا ہے چرخ ستمگر تمام رات
تم تو تمام روز بسر عیش مین کرو	تڑپا کرے یہ عاشق مضطر تمام رات
سر رکھکے سو گئے تھے کل اے جان جس پہ تم	تکیہ دھرا رہا وہی دل پر تمام رات
اُن ابرؤن کے دھیان مین سویا نہ صبح تک	تیغین کھنچی رہین مرے سر پر تمام رات
بیدار بخت ہمسے سوا ہے جہان مین کون	سوئے بغل مین یار کو لے کر تمام رات

ابکی نکالین دل کے سب ارمان اے قلق
صحبت جو یار سے ہو میسر تمام رات

یہ بولے جو اُن کو کہا بے مروت	ہین کیا تمسے بھی ہون سوا بے مروت

۵۷

عشاق کب آرائش دنیا کے ہین پابند	آزاد تعلق ہین گرفتار محبت
مر کر غم گیسو مین ہوا ہمیہ پہ روشن	تاریکی مرقد ہے شب تار محبت
لیتے ہین اسیر تو مول کسی زلف کا سودا	ہین داغ جگر سکۂ بازار محبت
گل داغ ہین سیاہ باغ کے بلبل کا ہے سینا	ہر چاک جگر ہے در گلزار محبت
اک دل ہین کس امید پہ جان اپنی لڑاؤن	مشہور ہے بیداری سرکار محبت
وہ عیسی دوران بھی غیرت سے اٹھ جائے	جم جائے جو رنگ رخ بیمار محبت
بے پردہ وہ یوسف ہو تو حیران ہون خریدار	رخسار ہون آئینہ بازار محبت
یہ خاک کا پتلا نہ اگر حوصلہ کرتا	کوہ کن سے اٹھتا نہ کبھی بار محبت
بے بیچ کے یہ مول لیا کرتے ہین سودا	ہوتے ہین عجب جنس خریدار محبت
اس یوسف خوش کام کی فیصل تو ہو قیمت	بیعانہ نہین دل دینگے خریدار محبت

چھٹنے کی نہین اے تعلق ان اسیرون سے
یہ طالب زر ہین طلبگار محبت

چھٹے صیاد سے یہ کہکے محبوس کہن رخصت	ہوئے ہم پرندی قفس کی سیر چمن رخصت

[illegible]

دربار وہ کا ہی کون بجز اسکے دستگیر	اپنے ایا ہجو نکو وہ لینگے بلا آپ
مجبور دسیہ کی ہو یہ عادت اے پری	رکھینگے اپنے لطف وکرم پر نگاہ آپ
الفت کا کیا ہی ہے نتیجہ جہان مین	عاشق کو قتل کرتے ہین یا خونبہا کے آپ
دل لیکے پھر فکر مین ہو غوطہ زن عبث	در پئے عشق کی نہین پاتے ہین تھاہ آپ

ردیف	عزم سفر تو ملک عدم کا ہوا ہی قلق کچھ اپنے ساتھ لے بھی چلے زاد راہ آپ	تاے فوقانی

دشمن جان ہین مرے شوخ پریزاد بہت	تشنہ خون گنہگار ہین جلاد بہت
کہین شیرین سا حسین تو نظر آئے کوئی	اب بھی سر دینے کو موجود ہین فرہاد بہت
بیگناہی نے بس قتل اثر دکھلایا	ذبح کر کے مجھے رویا مرا جلاد بہت
دل جو دینا تو حسینوں کو سمجھ کر دینا	عشقبازی کی بری ہوتی ہی افتاد بہت
ابھی کچھ قدر شباب آپکو اے جان نہین	تھوڑے دن وہ نہین دن کیجیے گا یاد بہت
شجر ظلم نہین پھولتے پھلتے دیکھا	جور تجھپر نکرا ہی بانی بیداد بہت
جن نہین تنہا ہے معشوق بہت ہین کم	آدمیت نہین جنہمین وہ پریزاد بہت

۵۵

[illegible]

مٹی نہ ہو یہ عاشق خانہ خراب کی	مٹی کے عطر سے نہ کرو پیرہن خراب
کہنے حیہ ہجر یار مین اب موت دیر کی	لکھے ہی لکھے ہو گیا میرا کفن خراب
بنوائیگا جو خط وہ مرا اشک آتا سب	سورج کی ایک روز یہ ہوگی کرن خراب
زلفین چھٹین جو انکی کہیں پیچ و تاب سے	دو ہاتھ تیرے واسطے ہوگی رسن خراب
ظالم نے عیش باغ کو غمخانہ کر دیا	یارب اسیطرح سے ہو چرخ کہن خراب
گل مین ہی نہ باغبان ہین نہ بلبل کے پیچھے	کیسے لٹے ہوئے ہین چمن کے چمن خراب

ردیف — تھوڑی جگہ تو مرے کو اسکی گلی مین دو
مٹی کرو قلق کی نہ اے جان من خراب — بائے فارسی

تمہارا بھی گیسو جھکا کے کالا سانپ	بنایا کس لیے افشا نے کو ڑیالا سانپ
خیال زلف مین ہانہر تیرے ڈسلے کیسے	ہر ایک روزن دیوار سے نکالا سانپ
رقیب جھوتا ہی زلف سیاہ جانانکو	خدا کرے کہین ڈسجائے اسکو کالا سانپ
ہوا ہون خاک کسی گل کی یاد کا گل مین	کلال تو مری مٹی کا بھی بنا لا سانپ
نہ اسکے کاٹے ہوئے جیتے ہین نہ مرتے ہین	تمہارے گیسو شکلین بھی ہی نرالا سانپ

خضاب بالوں پہ ہوتا نہیں ہے پیری میں
عزیز کیوں نہ پیری میں مجکو موئے سیاہ

سیاہ بخت پہنتے ہیں سوگوار شباب
کہ اب تو ہیں یہی دو چار یادگار شباب

کمال ضعف سے یہ ورد لب ہے آٹھ پہر
قلق فدا لئے جوانی قلق نثار شباب

عاشق گیسو قد تیرے گنہگار ہیں سب
مستحق دار کے پھانسی کے سزاوار ہیں سب

پاس اٹھا کر ہوا لیو سچ ستارہ ہیں سب
تیرے بیمار محبت کے بد آثار ہیں سب

دام ہی کی بھی نہیں طرہ تیرے وقف اصلا
یہ حسینان جہاں نام کو دلدار ہیں سب

ابتدا صحبت ہے محبت میں بھاری ہے جان
اپنے بیگانے مری شکل سے بیزار ہیں سب

ظلم صیاد سہا جائے یکایک کیونکر
ہم اسیرانِ قفس تازہ گرفتار ہیں سب

حسن یکتا نے دو عالم ہے ترا ہی ہو دوست
تیری حدت کے مقر کافر و دیندار ہیں سب

ایک بھی بات شعر دل لیکے بنا ہیں گے خضوع
یہ زبانی ہی فقط آپ کے اقرار ہیں سب

بے زبانی سے ہیں محبوب نہیں حسن لیتے
قائل ہر آبلہ پائی کے مرے خار ہیں سب

نہ پڑے فکر دہان و کمر یار میں تم
کوئی واقف نہیں یہ غیب کے اسرار ہیں سب

… لائے ہیں سب احکام قرآن … — … حق بتائے نبی ہیں عین بتائے بوتراب

… اس رہنما کی کر کہ تا پہنچے شہ … — … یقین ہے نقش پائے بوتراب

… بستان مرتضی پہ نار دوزخ ہے حرام — قلقل جنت ہے ولائے بوتراب

… جاری اسکا جن انس ہے کیو — وقت کا اپنے سلیمان ہے گدائے بوتراب

… سکی ہے تصویر کا آئینہ خورشید — … کس سے زمین تا بہ سمائے بوتراب

… بعد پنجگانہ اب وظائف کچھ ہو — بعد نعت محمد اور ثنائے بوتراب

مانگتا ہے یہ دعا اللہ سے ہر دم فلق — بخش دینا بہر پیغمبر برائے بوتراب

ردیف با موحدہ

ہمکو ازل سے آج تلک غم رہا … — … نام سے بھی نہیں آشنا …

… جو ہمکو ہجر بتان کا ملا — دشمن کو بھی یہ رنج ہوا ہے خدا نصیب

… بھی فلک کی ہمیشہ چلی گئی — … روز بھی ہمارا نہ سیدھا ہوا نصیب

… اس نگار سے ہے سب انداز دلبری — … کو کب میں پایا …

… آپ نے اور کرونگا سوال وصل — … نہیں کچھ کہ بگڑ جائے …

رضوان ہمین جو روکیگا چلائینگے ملک
جانے دو ان کو ہین یہ غلامان مصطفا

کیا آفتاب حشر کی گرمی ستائے گی
ہم ہونگے زیر سایۂ دامان مصطفا

باد خزان ظلم سے سب غنچے ہاے
تاراج کردیا چمنستان مصطفا

ہوتے نہ آپ خلق تو ہوتا نہ کچھ بھی خلق
دونون جہان ہین بندۂ احسان مصطفا

خوف انکو باز پرس قیامت کا کچھ نہین
جو اُمتی ہین تابع فرمان مصطفا

دنیا کے ذائقون پہ کسی سے نظر نہ کی
سب نعمتون سے سیر تھے مہمان مصطفا

خورشید آسمان نبوت حضور ہین
برج شرف ہے گوشۂ ایوان مصطفا

کس سے مثال دیجیے ایسا وہ کون ہے
برتر ہے سب سے بعد خدا شان مصطفا

عصیان سے کیون ہو سر بگریبان حشر مین
ہوگا ہمارے ہاتھ مین دامان مصطفا

ہونگے رسا نصیب ہمارے بھی ای قلق
دیکھین گے ہم بھی مرقد ذیشان مصطفا

۵۱

سودا ہوا ہے جب سے اُس زلف پرشکن کا
تار سیہ بنا ہے سنبل مرے چمن کا

بازار گرم کیونکر ہر دم نہ ہو سخن کا
آتش زبان ہے ہر اک بلبل مرے چمن کا

۵۰

تیغ ابرو کی لگا کے جگر و دل پہ وار
تیرے قاتل نے ذرا مجھکو سنبھلنے نہ دیا

سخت جانی نے شہادت ہی سے رکھا محروم
حلق پر خنجر سفاک کو چلنے نہ دیا

بدگمان اتنا ہوا غیروں کے بھڑکانے سے
یار نے عطر بھی پوشاک میں ملنے نہ دیا

وحشت عشق نے تا زیست بنا ہی مجھے
پاؤں باہر در زندان سے نکلنے نہ دیا

یاد ہیں پیچ تری زلف کو کیا کیا ای جان
دام میں لا کے محبت کے نکلنے نہ دیا

پاس مہمان اسے کہتے ہیں کہ تا زیست قلق
خار غم آبلۂ دل نے نکلنے نہ دیا

جو ساقیا تو نے پی کے ہاتھ دیا ہی جام شراب آدھا
تو اپنے ہاتھوں سے کاٹ کر دے ہمارے منہ میں کباب آدھا

وہ پرگنہ ہوں کہ رہ گئے سب ابھی میں دیکھا کیا وہ
ہنوز محشر کے محکمے میں ہوا ہی تھا میرا حساب آدھا

کہا نکل کے اب دہن ترا نی نہ ... کی لا کے ہاتھ شوق
ہنوز کھولا تھا پھر ہی یار اسنے بند نقاب آدھا

... کامل جو چاہتا ہی تو فوج کر ڈال جلد قاتل
پچھوڑتا مجکو نیم بسمل کہ پائیگا تو ثواب آدھا

دماغ دیکھو صنم کا کا کا جو کرتا ہوں میں ستم کا
تو دیتے ہیں سب یہی بگاڑ کے مجھے بدقت جواب آدھا

سفید و سرخ ایسی ہی چہرہ رنگت جب بنا ہو گا تجھ کا پتلا
ملایا ہوگا ... نے ... شہاب آدھا

فروغ دودمان ہاشمی آگے نہ ایسا تھا	کیا ہے نام روشن آپنے اپنے اب و جد کا
کہنا جاؤں تمسے دیوانگان عشق گیسو مین	ملے آزاد نامہ جب مری روح مقید کا

قلق کوئی نہین اب دلمین در ارمان بجز اسکے
خدا دکھلائے جلدی مرقد انور محمد کا

ہم بغل جسوقت ہمسے وہ گل تر ہو گیا	پیرہن کیا جامۂ تن تک معطر ہو گیا
جب مقابل یار کے دانتوں سے گوہر ہو گیا	آب خجلت سے تمام اسکا بدن تر ہو گیا
جسکو وصل اس آئینہ رو کا میسر ہو گیا	بخت اسکا غیرت بخت سکندر ہو گیا
اسنے دکھلایا اثر اپنے طلائی رنگ کا	نقرئی پہنا تو سب سونے کا زیور ہو گیا
پرتو رخسار سے اک آسمان حسن کے	ذرہ ذرہ رشک خورشید محشر ہو گیا
چاہتا ہے سکا مین کلمہ چھون آیا ہے کئے	نامے کے لانے کیا قاصد پیمبر ہو گیا
اسقدر کی خستہ اندازی خدنگ آہ نے	رفتہ رفتہ یار کی دیوار مین در ہو گیا
لاکھ دریا تو نکو بھر کا مین در انداز ابتو کیا	دلمین اپنے خانمان برباد کے گھر ہو گیا
ہمنے لکھا تھا جو خط مین اپنی بربادی کا حال	راستہ ہی مین تباہ اپنا کبوتر ہو گیا

وہ سخت جان ہون کرتا مجھے وہ قاتل قتل
تو تیغ کا بھی مرے ساتھ دم نکل جاتا

یہی چلن تھا جو بازار عشقبازی مین
ہمارا سکۂ داغ جنون بھی چل جاتا

بھلا ہوا نہ سنی ہمنے بدزبانی یار
ہمارے منھ سے بھی اُسوقت کچھ نکل جاتا

اثر اگر کشش شوق قتل دکھلاتی
تو نخچیر کمر یار کا اُگل جاتا

صفا پر اُسکی مہ و مہر گر نظر کرتے
تمھارے چہرے پہ پائے نگہ پھسل جاتا

جو پاؤن توڑ کے اک جا نہ بیٹھ رہتا مین
تو کوئی جور رقیبونکا مجھپہ چل جاتا

شرابخانے مین ہوتا گذر جو واعظ کا
جمال دختر رز دیکھکر پھسل جاتا

تمھین بتاؤ مین ناصح کی کسطرح سُنتا
سنبھالنے سے دل غمزدہ سنبھل جاتا

نہ سہنے پڑتے اگر روز صدمۂ شب غم
تو اتنا جلد مین کیون شمع کی طرح ڈھل جاتا

فروغ دیکھ کے اُس شمع بزم کا شعلہ
تڑپ کے پردۂ فانوس سے نکل جاتا

مرے چلن پہ نکرتا نظر اگر وہ کریم
کھرون کے ساتھ یہ کھوٹا درم بھی چل جاتا

ہمارے روز سیہ دیکھتی تو ہیبت سے
شب فراق کا بھی رنگ رخ بدل جاتا

قلق رہا ہے مجھے پاس وضع عشق مین بھی
مزاج یار نہ تھا مین کہ جو بدل جاتا

ارادہ ہے تو قتل کا لینگے بوسہ اس سنگدل کے ... پر لکھینگے ہم بھی اکدن عیب نخدا انکا

مری مٹی مین بھی خاصیت اکسیر پیدا ہے ... کہ مین کشتہ ہون اک پارہ کے ہلا مین ونہ انکا

پہونچتا ہے کب اپنا ہاتھ اس گل کے گریبان تک ... ہوا ہے کی خاطر حال ان جیب و دامانکا

کیا ہے قتل مجکو یار کے دست حنائی نے ... ہے یہ چاہیے تربت مین میری شاخ مرجانکا

بیابان جنون مین کیون نہ رکھو مین عزیز انکو ... نمکدان تھا مغیلا ہے تیرے موے مژگان کا

وہ ترکا جنگجو مجھسے اگر آنکھین لڑا یگا ... کے کی تیغ ابرو کی چلیگا تیر مژگانکا

گل داغ جنون کثرت سے سینے پر شگفتہ ہیت ... مرا چاک گریبان بھی ہے دروازہ گلستانکا

ہے بہکا نیکو راہ طلب مین خضر اکثر ... بیابا ماند چشم غول ہر ذرہ بیابانکا

عنایت گر دہر انکا قلق ہمکو کیا خلعت
جنون نے رکھ لیا پردہ ہمارے جسم عریان کا

اگر کرتا وہ نظارہ لعب جانبخش جانانکا ... سکندر ایکدن خواہان ہوتا آب حیوانکا

رقم کرتا ہون کچھ وصف ترے دندان جانانکا ... کرتا ہون ہر اپنے کلک گوہر افشانکا

جو اسکا سینہ پر نور دیکھا تو یہی سمجھا ... ہوا خورشید طالع مشرق چاک گریبانکا

غیر دیکھو ساتھ اُسکے کیا خوب ہیکو شاد
پوچھو نہ آفرینش احمد کا تم سبب
شب بھر دکھا کے راہ نمنے آئی جو صبح تک
اٹھتے ہی اُسکے عارض پُر نور سے نقاب

کیون جی یہی علاج دلِ ناصبور تھا
منظور اپنی ذات کا اُسکو ظہور تھا
وہ ایسا کون تھا جھین کا رِ ضرور تھا
کافور شمع بزم کے چہرے کا نور تھا

کچھ آج عاشقی کا نہین شوق ای قلق
مدت سے اس شراب کا دل کو سرور تھا

ہر دل عزیز میرا بتِ رشکِ حور تھا
مین کیا کہون جو وہ صنمِ رشکِ حور تھا
وہ کیا ہوا جو آپکے چہرے پہ نور تھا
بیدرد مجھسا کوئی نہ ای رشکِ حور تھا
کیا کیا لیے ہین جذبِ محبت نے ہی کام
پیدا کیا تھا ہمنے تقرب جو یار سے
بیداد نے تری اسے سب کچھ دکھا دیا

یعقوب کیا وہ دیدۂ یوسف کا نور تھا
آرام جان سرو دل آنکھونکا نور تھا
اس حسن چند روزہ پہ اتنا غرور تھا
جو دل تھا تیرے عہد مین وہ ناصبور تھا
جبتک بہار بس مین دلِ ناصبور تھا
مشہور اس دیار مین کیا دور دور تھا
آگے ستمگری کا فلک کو شعور تھا

دل اپنا کوئے اس صنم میں ٹھٹک گیا — لو اور سنیے خضر بھی رستہ بھٹک گیا

اغلو نہیں میری تیر نگہ وہ کھٹک گیا — سینہ جو توڑ کر جگر و دل اٹک گیا

تڑپایا اس قدر ہمیں درد فراق نے — بستر جگہ جگہ سے ہمارا مسک گیا

جلوے سے نور عارض روشن کے اے قمر — زخمی تمہاری تیغ نگہ کا چاٹ گیا

آتش بجھی جو مارے پر خم ہے یار کے — طالع کا ماہ نو کے ستارہ چمک گیا

قاصد سے لیکے خط ادا شوخی تو دیکھنا — مضمون تمہارا سب کا پڑھ کر بھڑک گیا

آب دم میں تمہا سے مرا دل نہ آئیگا — ای جان سیر غزال رمیدہ بھڑک گیا

جب بے جھکے بولتا تھا میں رحمت کے نام پر — اعمال نامہ دیکھ کے تیرے بہک گیا

گرمی آتش رخ دلدار دیکھنا — مثل سپند خال کا دانہ چٹک گیا

بھرو سیہ کی بجلی سیہ تاریکی عمل — جگنو سا آفتاب قیامت چمک گیا

میں نے نہ پائی نام پہ شیشے جو نہ مرا — تاثیر دیکھو جام ہی از خود چھلک گیا

وحشت میں جب وہ خار مژہ یاد آگیا — کانٹا سا میرے پائے جگر میں کھٹک گیا

وادی عشق میں مجھے یوسف جمال کے — میں کیا تمام قافلہ رستہ بھٹک گیا

حسد سے کیا جانے وہ کیا کرتا مری مٹی خراب
گر زمین چھوٹ پڑی فلک سے بہر تربت مانگتا

باغ عالم میں ہر اک گل کے اگر ہوتی زبان
تیر سی ہر باس اور تیری سی نکہت مانگتا

ماہ کنعان کو وہ بیچنے میں دیتے بے دریغ
اپنے یوسف کی زلیخا سے جو قیمت مانگتا

غیر کا احسان یہ چڑھ رہی ہوتی گویائی اگر
شیر دایہ سے نہ میں بعد ولادت مانگتا

پیر میکش کی جو ہو جاتی کرامت آشکار
ساقیا دست سبو شیخ سے بیعت مانگتا

سوکھے ٹکڑوں کی قناعت کا مزا ملتا اگر
پھر نہ بھولے سے بھی منعم نان نعمت مانگتا

نقد ہوش دو جہان دیتا میں وہ مے خوار ہون
ایک ساغر کی مگر ساقی جو قیمت مانگتا

صاحب عقل و علم کو بھی نہ دیکھا چین سے
کیا میں اس غم خانے میں اسباب راحت مانگتا

موسم گل میں نہ تکلیف ورد دیتا واعظا
توبہ مجھ توڑنے کی پر اجازت مانگتا

وہ چراغ رہ نہیں جو خوف باد دہر سے
سایۂ دست احبا کی حمایت مانگتا

شیطنت کرتا ہے یہ ممکن اگر ہوتا تو میں
بہر غیر و سیہ بھی طوق لعنت مانگتا

تشنۂ دیدار ساقی ہون کیا عجب ہے وقت نزع
شربت دیدار ہی میں جائے شربت مانگتا

شوق ولادت عیسی میں گنہ ران دیتا دو گواہ
خون کی میرے اگر حاکم شہادت مانگتا

بیتابی الفت نے کیا ہے سبک ایسا
خاطر پہ گران یار کی نظرونمین ہون ہلکا

وہ سوختہ جان ہون جو اٹھے دود دل اپنا
دنکو صفت شام ہو نظرونمین دھوندلکا

پھلنی کیا اس غم نے پتھر کا کلیجا
پوچھو جگر کدہ سے توڑ اپنی زحل کا

جو بن پہ شب ہجر ہو اجلتی ہے ٹھنڈی
ساقی کوئی ساغر می گلرنگ کا چھلکا

لکھی ہے لبس کا وش خال لب شیرین
خامہ بھی مرا نیش ہے زنبور عسل کا

اب یہ بنی ہے کشتۂ دیدار کی حالت
آنکھونمین دم اٹکا ہے بھروسا نہین پلکا

پیغام زبانی بھی کوئی کہنے نہ پایا
خط پڑھتے ہی لکھوا لیا قاصد سے مچلکا

کس چین کی نیند آتی ہے کیا امن ہے حسرت
پوچھون جو معبر ہو کوئی خواب اجل کا

